© rasailojaraid.com



مولانا عبدالقیوم حقانی

# تعارف و تبصرہ کتب

**احکام القرآن للجصاص (تین جلدوں میں)** پتہ۔ سہیل اکیڈمی۔ محمد علی امین مارکیٹ۔ چوک اردو بازار۔ لاہور

تاریخ اسلام میں جن اہم کتابوں نے مسلمانوں کے دل و دماغ، علم و تفقہ اور تعلیمی ارتقاء پر سب سے زیادہ گہرا اثر ڈالا ہے۔ اور جن سے اسلامی حلقے طویل عرصے تک متاثر رہے ہیں ان میں الامام حجۃ الاسلام ابوبکر احمد بن علی الرازی الجصاص کی شہرۂ آفاق تصنیف احکام القرآن کو ایک ممتاز مقام حاصل ہے۔ اس کتاب میں مصنفؒ نے ان تمام احکام فقہیہ کو جو قرآن مجید کی آیات سے مستنبط ہوتے ہیں نہایت بسط و تفصیل کے ساتھ بیان کیا ہے۔ تفاسیر فقہ اور دیگر کئی اہم علمی مباحث میں امام جصاصؒ کی احکام القرآن کو ماخذ کی حیثیت حاصل رہی ہے۔ امام العصر محدث کبیر علامہ انور شاہ کشمیریؒ احکام القرآن کے بعد فرمایا کرتے

"امام جصاصؒ کو خدا تعالیٰ جزائے خیر سے نوازے کہ دل ٹھنڈا کر دیتے ہیں۔"

شمس الائمہ سرخسیؒ اور دوسرے جلیل القدر فقہاء اپنی تصنیفات میں بڑے احترام اور عظمت سے اُن کا نام لیتے ہیں تحقیق و استناد اور کتاب و سنت سے مطابقت کے لحاظ سے یہ کتاب جس قدر جامعیت اور زبردست معنوی خوبیوں کی حامل ہے سہیل اکیڈمی نے اتنی ہی کتابت، طباعت، خوشنما اور مضبوط جلد بندی اور دیگر کئی ظاہری محاسن سے مالامال کر دیا ہے۔ سالہا سال کی مسلسل شبانہ روز محنت، ایک ایک لفظ کو ملیڈ کے ساتھ صاف اور قلم کے ساتھ اجاگر کر کے کتابت و طباعت کا اعلیٰ مرقع بنا دینا سہیل اکیڈمی کی مثالی روایت بن گئی ہے۔ یہ کتاب اس لحاظ سے دنیا بھر میں شائع ہونے والے تمام ایڈیشنوں سے اعلیٰ اور معیاری ہے۔

سہیل اکیڈمی اس قدر اعلیٰ علمی نوادرات کی اشاعت پر پوری ملت بالخصوص علمی حلقوں کی طرف سے شکریہ اور زبردست حوصلہ افزائی کی مستحق ہے اور کیوں نہ ہو کہ اس سے قبل بھی تو علامہ عبدالحئی لکھنویؒ کی السعایہ اور شیخ ابراہیم الحلبی الحنفی کی شرح کبیر اور دیگر کئی اہم ترین کتابوں کی عمدہ کتابت و طباعت اور معیاری اشاعت سہیل اکیڈمی ہی کی مرہون منت ہے۔

**اختلاف امت اور صراط مستقیم (حصہ دوم)** تصنیف مولانا محمد یوسف لدھیانوی۔ صفحات ۲۴۰
قیمت ۱۶ روپے۔ پتہ۔ ماہنامہ "بینات" علامہ بنوری ٹاؤن۔ کراچی ۵



© rasailojaraid.com